05.12.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں مہتاب عالم

**Music**

.................................

- ☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بننے کے بھارت کے ہدف میں زراعت انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے زرعی پیداوار کو بڑھانے کی خاطر جدید ٹکنالوجی کے استعمال پر زور دیا۔
- ☆ بی جے پی کے سینئر رہنما دیویندر فڑنویس آج شام تیسری مرتبہ مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ حیثیت سے حلف لیں گے۔
- ☆ روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے میک ان انڈیا کے ذریعہ چھوٹے اور متوسط کاروباری اداروں کی خاطر سازگار صورتحال پیدا کرنے کیلئے وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت والی حکومت کی ستائش کی ہے۔
- ☆ خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم اسرو نے آج دوپہر سری ہری کوٹہ میں یوروپی خلائی ایجنسی کے پروبا3 مشن سیارچوں کی الٹی گنتی شروع کردی ہے۔
- ☆ اور فرانس میں اعتماد کا ووٹ حاصل نہ کرپانے کے سبب حکومت گر گئی ہے۔ صدر Emmanuel Macron آج ملک سے خطاب کریں گے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Odisha - Prez Visit**

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے زرعی سائنسدانوں سے کہا ہے کہ وہ قدرتی آفات ، آب و ہوا کی تبدیلی اور وسائل کے بے جا استعمال جیسے چیلنجوں سے کسانوں کی حفاظت کیلئے نئی حکمتِ عملی تیار کریں۔ انہوں نے زراعت کے کام میں مدد کیلئے ڈرونز ، ریموٹ سینسنگ ، مصنوعی ذہانت اور نینو ٹیکنالوجی جیسی جدید ٹیکنالوجیز کے استعمال پر زور دیا۔ صدرِ جمہوریہ مرمو آج بھوبنیشور میں اڈیشہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر اینڈ ٹیکنالوجی کے 40ویں جلسۂ تقسیمِ اسناد میں اظہارِ خیال کررہی تھیں۔ انہوں نے زرخیز مٹی ، ماحولیات کے تحفظ اور وسائل کے بندوبست پر توجہ مرکوز کئے جانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے گذشتہ چند دہائیوں میں زراعت کے شعبے میں بھارت کی خاطرخواہ ترقی کا ذکر کیا اور کہا کہ بھارت اب غذائی اجناس اور زرعی آلات برآمد کررہا ہے۔ صدرِ جمہوریہ نے بھارت کی سازگار آب و ہوا ، ہنریافتہ افراد ، زرخیز زمین اور جدید ٹیکنالوجیز کی بدولت زرعی پیداوار کو مزید فروغ دینے کیلئے بھارت کی صلاحیتوں کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ زراعت 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بننے کے بھارت کے نشانے کے حصول میں ایک اہم کردار ادا کرے گی۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو آج سہ پہر بھوبنیشور جوڈیشل کورٹ

کمپلیکس کا افتتاح کریں گی۔

**MAHA- Swearing-in**

BJP کے سینئر رہنما دویندر فڑنویس آج شام تیسری مرتبہ مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ کی حیثیت سے حلف لیں گے۔ گورنر سی پی رادھا کرشنن ممبئی کے تاریخی آزاد میدان میں آج شام ساڑھے پانچ بجے، انہیں عہدے اور راز داری کا حلف دلائیں گے۔ اُن کے ساتھ ساتھ آج ریاستی کابینہ کے وزرا کے بھی حلف لینے کا امکان ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی، NDA کی حکمرانی والی ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ اور مرکزی وزراء حلف برداری کی تقریب میں شرکت کریں گے۔ جناب فڑنویس کو کل اتفاق رائے سے BJP لیجسلیچر پارٹی کا رہنما منتخب کیا گیا تھا۔ جناب فڑنویس نے اتحادی پارٹیوں کے رہنما شیوسینا کے سربراہ ایکناتھ شندے اور NCP کے سربراہ اجیت پوار کے ہمراہ کل گورنر موصوف سے ملاقات کی، جنہوں نے، اُنہیں ریاست میں نئی سرکار تشکیل دینے کیلئے مدعو کیا تھا۔ بی جے پی کی قیادت والی مہایوتی اتحاد نے مہاراشٹر کے حالیہ اسمبلی انتخابات میں شاندار کامیابی حاصل کرتے ہوئے 288 میں سے 230 سیٹیں حاصل کی ہیں۔ یہ اتحاد بی جے پی، شیوسینا اور نیشنلسٹ کانگریس پارٹی پر مشتمل ہے۔

**Jharkhand-Cabinet**

جھارکھنڈ کے وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین نے آج اپنی کابینہ میں توسیع کی ہے۔ گورنر سنتوش کمار گنگوار نے رانچی کے راج بھون میں ایک تقریب میں وزراء کو عہدے اور راز داری کا حلف دلایا۔ کابینہ میں کل 11 وزرا کو شامل کیا گیا ہے۔ اِن میں جھارکھنڈ مکتی مورچہ سے 6وزراء، کانگریس سے 4، جبکہ آر جے ڈی سے ایک وزیر شامل ہیں۔

**Opposition-Protest**

آج اپوزیشن کے اراکین پارلیمنٹ نے ایک سرکردہ کاروباری گروپ کے خلاف مبینہ رشوت کے الزامات کے معاملے پر پارلیمنٹ میں ایک احتجاجی مارچ کیا۔ لوک سبھا میں اپوزیشن کے رہنما راہل گاندھی، ڈی ایم کے، آر جے ڈی اور دیگر پارٹیوں کے رہنماؤں اور کانگریس کے ارکان پارلیمنٹ کے ساتھ اِس احتجاج میں شامل ہوئے۔ یہ ارکان نعرے بازی کرتے ہوئے اِس معاملے کی تحقیقات پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی سے کرائے جانے کی مانگ کررہے تھے۔ اِس دوران مرکزی وزیر گری راج سنگھ نے پارلیمنٹ میں احتجاج کے لیے اپوزیشن کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے جناب سنگھ نے اِسے ڈراما قرار دیا۔

**Parl Adjournment**

بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ نشی کانت دوبے کی جانب سے کانگریس کے اعلیٰ رہنماؤں کے خلاف مخصوص الزامات لگائے جانے کے ساتھ ساتھ سنبھل تشدد کا معاملہ اٹھائے جانے پر اپوزیشن کے ذریعہ شور وغل کے سبب لوک سبھا کی کارروائی دوپہر دو بجے تک کے لیے ملتوی کردی گئی ہے۔ وقفہ صفر کے دوران جناب دوبے نے فرانس میں شائع ایک رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ایسی قوتیں بھارتی پارلیمنٹ اور ملک کی معیشت کو پٹری سے اتارنے کی کوشش کررہی ہیں۔ انہوں نے الزام لگایا کہ راہل گاندھی اور پرینکا گاندھی سمیت کانگریس کے رہنما اور کچھ دیگر اپوزیشن رہنما ایسی رپورٹیں اپنے سوشل میڈیا ہینڈلس پر پوسٹ

کرتے ہیں۔ کانگریس، ڈی ایم کے اور دیگر پارٹیوں کے ارکان نے ایک سرکردہ کاروباری گروپ کے خلاف مبینہ رشوت کے الزامات اور سنبھل تشدد کے معاملے پر ایوان میں شور وغل کیا۔ ایوان میں شور وغل کا سلسلہ جاری رہا تو اسپیکر نے کارروائی دوپہر دو بجے تک کے لیے ملتوی کردی۔راجیہ سبھا میں بھی فرانس میں شائع ایک رپورٹ کا معاملہ اٹھایا گیا۔ وقفہ صفر کے دوران بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ سدھانشو ترویدی نے اِس معاملے کو اٹھاتے ہوئے الزام لگایا کہ یہ بیرون ملک سے قومی مفاد پر حملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 3 برس میں جب بھی پارلیمنٹ کا اجلاس ہوتا ہے، ایسی رپورٹیں سامنے آتی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جب سے بھارت نے ایک وکست بھارت کا ہدف مقرر کیا ہے، تب سے مختلف غیر ملکی سرگرمیوں کے تحت ملک کی معیشت، اقدار اور سماجی پہلوؤں کو نشانہ بنایا جارہا ہے۔

**LS - Airport**

شہری ہوا بازی کے وزیر Kinjarapu رام موہن نائیڈو نے کہا ہے کہ ملک بھر میں 157 ہوائی اڈے کام کررہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ 2014 میں صرف 74 ہوائی اڈے کام کررہے تھے۔ آج لوک سبھا میں ایک ضمنی سوال کا جواب دیتے ہوئے، جناب نائیڈو نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت نے ملک بھر میں ہوائی اڈے کے نیٹ ورک کو وسعت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ Ude Desh Ka Aam Nigrik, UDAN اسکیم شہری ہوا بازی کے شعبے کیلئے ایک انقلابی اسکیم ثابت ہوئی ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ بھارت کی گھریلو فضائی آمد و رفت ایک دن میں پانچ لاکھ سے زیادہ مسافروں تک پہنچ گئی ہے۔

**Vaishnaw - Motor Trolley**

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے آج نئی دلّی ریلوے اسٹیشن کے احاطے میں نوتعمیر شدہ Road-cum-Rail Vehicle کا معائنہ کیا۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے، جناب ویشنو نے کہا کہ یہ ریل مشینری ایک نئی اختراع ہے، جسے موٹر ٹرالی سہولت کو جدید بنائے جانے سے متعلق ریلوے کے ملازمین اور سُپر وائزرس کے ساتھ تفصیلی تبادلۂ خیال کے بعد تیار کیا گیا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ پٹریوں کی دیکھ ریکھ کیلئے پہلے استعمال کی جانے والی موٹر ٹرالی دہائیوں پرانی تھی۔

**Putin India**

روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے میک ان انڈیا کے ذریعہ چھوٹے اور متوسط کاروباری اداروں کی خاطر سازگار صورتحال پیدا کرنے کیلئے وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت والی حکومت کی ستائش کی ہے۔ کل ماسکو میں سرمایہ کاری کے ایک فورم سے خطاب کرتے ہوئے جناب پوتن نے بھارت کے اقتصادی اقدامات، خاص طور سے میک ان انڈیا پہل کو اجاگر کیا۔ صدر پوتن نے کہا کہ بھارتی قیادت نے اپنے مفادات کو ترجیح دینے کی خاطر مضبوط پالیسی پر توجہ مرکوز کی اور انہوں نے بھارت میں مینوفیکچرنگ سے متعلق سرگرمیوں کے لیے روس کی رضامندی کا اظہار کیا۔ جناب پوتن نے SMEs کے فروغ کے لیے برکس ممالک کے درمیان اشتراک میں اضافہ پر بھی زور دیا۔ انہوں نے ممبر ملکوں پر زور دیا کہ وہ آئندہ برس برازیل میں ہونے والی سربراہ کانفرنس کے دوران شراکت داری کے اہم شعبوں کا جائزہ لیں۔

**ISRO Proba-3**

خلائی تحقیق کا بھارتی ادارہ ISRO آج یوروپی خلائی ایجنسی کے PROBA-3 خلائی طیارے کو لانچ کرے گا۔ یہ ایک بڑا خلائی مشن ہے، جس کا مقصد سورج کی فضاء کے باہری حصے کا مطالعہ کرنا ہے۔ PSLV-C29 خلائی گاڑی بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر 4 بجکر 4 منٹ پر آندھرا پردیش میں سری ہری کوٹہ کے ستیش دھون خلائی مرکز سے PROBA-3 خلائی طیارے کو مدار میں لے جائے گی۔ اس مشن کو کل لانچ کیا جانا تھا لیکن PROBA-3 خلائی طیارے میں خرابی کا پتہ لگنے کے بعد اسے ملتوی کردیا گیا تھا۔ یہ ISRO کے خصوصی کمرشیل مشن New Space India Limited کا ایک حصہ ہے، جو بین الاقوامی خلائی اشتراک میں ایک اہم سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ دو مصنوعی سیارچوں پر مشتمل PROBA-3 سورج کی فضاء کے بیرونی حصے ، اُس کے اطراف کی فضاء ، خلائی موسم اور شمسی ہوا کا مطالعہ کرے گا۔

**France Govt Collapse**

فرانس میں حکومت گرگئی ہے کیونکہ بائیں اور دائیں بازو دونوں کے قانون سازوں نے ملک کے وزیر اعظم Michel Barnier کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پر ووٹ دیا ہے۔ بائیں بازو کے New Popular Front اتحاد اور انتہائی دائیں بازو کی نیشنل Rally کے 331 قانون سازوں نے ملک کے ایوانِ زیریں میں عدم اعتماد کی تحریک کی حمایت کی، جبکہ اِس تحریک کی منظوری کیلئے صرف 288 ووٹوں کی ضرورت تھی۔ وزیر اعظم نے ووٹنگ سے ٹھیک پہلے ملک سے خطاب کیا اور فرانس اور اس کے عوام کی وقار کے ساتھ خدمت کرنے کو اپنے لئے اعزاز قرار دیا۔ وہ محض دو مہینے اور 29 دن اپنے عہدے پر فائز رہے۔ اب جناب Barnier صدر Emmanuel Macron کو اپنا اور اپنی حکومت کا استعفیٰ پیش کریں گے۔ صدرِ Macron آج شام ملک سے خطاب کرنے والے ہیں۔ امید ہے کہ وزیر اعظم Barnier ، اُس سے پہلے باضابطہ طور پر اپنا استعفیٰ پیش کردیں گے۔